
کاروانِ شہادت

مدینہ تا مدینہ منزل بہ منزل

تالیف
علامہ محمد علی فاضل



قال سیّد الشّہدآء ابوعبد اللہ الحسین علیہ السلام :

...........اِنَّمَا خَرَجْتُ لِطَلَبِ الْاِصْلَاحِ فِی اُمَّۃِ جَدِّی ....

کاروانِ شہادت

مدینہ تا مدینہ، منزل بہ منزل

HadiTV

تالیف

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل مدظلہ العالی

ناشر:

مکتبۃ الہادی

جامعۃ الکوثر۔ اسلام آباد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعارف کتاب

نامِ کتاب: کاروانِ شہادت، مدینہ تا مدینہ، منزل بہ منزل

تالیف: حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد علی فاضل،

پیشکش: ہادی ٹی وی اسلام آباد مرکز

ناشر: مکتبۃ الہادی _ جامعۃ الکوثر اسلام آباد

تعاون: جامعہ امام جعفر صادق علیہ السلام (رجسٹرڈ)
راجن پور، پنجاب پاکستان

فنی تعاون: مہدی فاضل

ملنے کا پتہ: مکتبۃ الہادی - جامعۃ الکوثر سیکٹر H-8/2
اسلام آباد فون: 0333-6446072

اشاعت دوم: 2010ء

ہدیہ: -/350 روپے

میقات ہے۔ یہاں پر آپ ۱۴/ذی الحجہ بروز پیر پہنچے اور اسی جگہ پر بُشر بن غالب نے جو عراق سے آ رہا تھا امام علیہ السلام سے ملاقات کی۔

ابن نما نے نقل کیا ہے کہ حضرت امام عالیمقام علیہ السلام نے اس سے عراق کے حالات دریافت کئے تو اس نے عرض کی:

''وہاں کے لوگوں کے دل آپ کے ساتھ مگر تلواریں بنی امیہ کے ساتھ ہیں'' یہ سن کر امام علیہ السلام نے فرمایا:

''صَدَقَ اَخُوبَنِی اَسَد، اِنَّ اللّٰہَ یَفعَلُ مَا یَشَآءُ وَیَحکُمُ مَا یُرِیدُ'' برادر اسدی نے سچ کہا ہے یقیناً خدا جو چاہتا ہے کرتا ہے اور جو ارادہ کرتا ہے اسی کے مطابق فیصلہ کرتا ہے۔

جبکہ (البدایۃ والنہایۃ جلد ۸ ص ۱۸۳، بحار الانوار جلد ۲۲ ص ۲۰۹ میں ہے کہ) اس موقع پر ''ریاش'' نے پوچھا آقا آپ نے ایسے موقع پر مکہ چھوڑ کر عراق کا سفر کیوں اختیار فرمایا ہے؟ تو آپ نے فرمایا:

''اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ اَخَافُوْنِیْ وَھٰذِہٖ کُتُبُ اَھْلِ الْکُوفَۃِ وَھُمْ قَاتِلِی ، فَاِذَا فَعَلُوْا ذَالِکَ وَلَمْ یَدْعُوْا لِلّٰہِ مُحرّما اِلَّاانْتَھَکُوْہُ بَعَثَ اللّٰہُ عَلَیْھِمْ مَن یَّقْتُلُھُمْ حَتّٰی یَکُوْنُوْا اَذَلَّ مِنْ قَوْمِ الْاَمَۃِ''

بنی امیہ نے مجھے خوف میں مبتلا کر دیا ہے، اور ساتھ ہی یہ اہلِ کوفہ کے خطوط ہیں جو اب میرے قتل کی ٹھانے ہوئے ہیں، اگر وہ ایسا کریں گے اور خدا کی مقرر کردہ حرمت کی ہتک کریں گے تو خداوند عالم ان پر ایسے شخص کو مسلط کرے گا جو انہیں اس حد تک موت کے گھاٹ اتارے گا کہ قوم اَمہ سے بھی زیادہ ذلیل و رسوا ہوں گے۔

۷۔ الحاجز ــــ بطن الرُّمۃ ــــ
(منگل ۱۵/ذی الحجہ ۶۰ھ)

(کتاب مراصد الاطلاع جلد ۲ ص ۶۳۴ میں ہے) کہ ''بطن الرمۃ'' مدینہ کے راستے پر واقع ہے اور یہاں سے بصرہ اور کوفہ کی راہیں جدا ہوتی ہیں۔

جبکہ (انساب الاشراف جلد ۳ ص ۱۶۷، طبری جلد ۷ ص ص ۲۸۹، البدایۃ والنہایۃ جلد ۸ ص ۱۶۸) میں مرقوم ہے کہ، اس منزل پر حضرت امام حسین علیہ السلام نے قیس بن مسہر صیداوی یا بقولے عبداللہ بن یقطر کو خط دے کر اہل کوفہ کی طرف